Education
Public Schools

والدین/سرپرستوں کے نام خط بسلسلہ *Nitbusters:* سکولوں میں سر کی جوؤں کا پروگرام

Letter to parents/carers concerning *Nitbusters: Head lice in schools program*

بچے کا نام ____________________ کلاس ____________________

Child's name ____________________ Class ____________________

Nitbusters ڈےکی تاریخ ____________________

Date of Nitbusters Day

اجازت کا فارم لوٹانے کی تاریخ ____________________

Date for return of consent form

محترم والد/والدہ/سرپرست

Nitbusters کا مقصد سکولوں، بچوں اور والدین کو سر کی جوؤں کے بارے میں معلومات اورجوئیں دور کرنے کے طریقوں کے بارے میں معلومات دینا ہے۔

میرے اس خط کا مقصد آپ سے اپنے بچے کو Nitbusters ڈے میں شرکت کی اجازت دینے کیلئے درخواست کرنا ہے جو اوپر درج تاریخ کو سکول میں منعقد کیا جائے گا۔ Nitbusters ڈے ایک ایسا دن ہے جب والدین سر کی جوؤں کیلئے سب بچوں کی سکریننگ اور علاج میں مدد کر سکتے ہیں۔

ہر بچے کی شرکت کیلئے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ کوئی بچہ دستخط شدہ اجازت کے فارم کے بغیر شرکت نہیں کر سکتا اور نہ ہی اسے عدم شرکت کی وجہ سے کسی قسم کی سزا دی جائے گی۔ والدین/سرپرست اور/یا بچے کسی بھی وقت سکریننگ سے الگ ہو سکتے ہیں۔ شرکت نہ کرنے والے بچےجوؤں اور لیکھوں کو پہچاننا اور انہیں دور کرنے کے طریقے سیکھ سکتے ہیں۔

Nitbusters ڈے پر اس میں شرکت کرنے والے ہر بچے کے بال چیک کر کے طے کیا جائے گا کہ کیا اس وقت اس کے سر میں جوئیں موجود ہیں۔ مدد کرنے والے والدین سکریننگ کیلئے بھی اور علاج کے عمل میں بھی ربر یا لیٹکس کے ڈسپوزیبل دستانے پہنیں گے۔ اگر لیکھیں (انڈے) یا جوئیں پائی گئیں تو بالوں میں عام ہیئر کنڈیشنر لگایا جائے گا اور کنگھی پھیری جائے گی۔ ایک بڑی کنگھی سے الجھے ہوئے بال سلجھا کر ایک باریک جوؤں والی کنگھی استعمال کر تے ہوئے جوئیں اور لیکھیں نکالی جائیں گی۔ ہر بچے کے علاج کے بعد دستانے بدلے جائیں گے۔ اگر کسی بچے کے سر میں انفیکشن کی علامات یا زخموں یا سورائسس کے آثار پائے گئے تو بچے کی سکریننگ یا علاج نہیں کیا جائے گا۔

فارغ ہونے کے بعد بچے کے بالوں میں کنگھی کر کے بال سنوارے جائیں گے۔ کنڈیشنر کو نکالنے کیلئے بالوں کو کھنگالا نہیں جائے گا کیونکہ سکول میں یہ کرنا مشکل ہے۔ کنڈیشنر سے بالوں کو نقصان نہیں پہنچے گا اور بچے کے گھر واپس پہنچنے پر بال کھنگالے جا سکتے ہیں۔

ہر بچے کا علاج کرنے کے بعد تمام کنگھیوں کو صابن والے گرم پانی میں دھو کر بہتے ہوئے گرم پانی میں کھنگالا جاتا ہے کیونکہ سر کی جوئیں 60 ڈگری سیلسیئس پر مر جاتی ہیں۔

سکریننگ کے بعد گھر پر رقعہ بھیج کر آپ کو آگاہ کیا جائے گا کہ آیا آپ کے بچے کے سر میں لیکھیں، جوئیں، یا لیکھیں اور جوئیں دونوں، پائی گئی تھیں۔ تمام والدین کو اس بارے میں ایک معلوماتی پرچہ دیا جائے گا کہ سر کی جوؤں کا علاج کیسے کیا جاتا ہے، خواہ ان کے بچے نے پروگرام میں شرکت نہ کی ہو۔

ہمارے سکول میں Nitbusters کی کامیابی کیلئے ہر بچے کو شرکت کرنی چاہیئے۔ ایک پوری کلاس میں جوئیں پھیلانے کیلئے صرف ایک سر میں جوئیں ہونا کافی ہوتا ہے۔ ایک اہم پیغام یہ ہے کہ عمر، جنس یا پس منظر سے قطع نظر، کسی بھی شخص کے سر میں جوئیں پڑ سکتی ہیں۔ علاج کیلئے ضروری ہے کہ ماحول کے تمام لوگوں کا مسلسل علاج ہو۔

اس پروگرام کے تحت پورے سکول سے تعلق رکھنے والے لوگ، مل کر کام کرتے ہوئے، سکول کے احاطے میں ایک Nitbusters ڈےکی تیاری اور انعقاد کریں گے، اس کوشش میں کہ سر کی جوؤں کیلئے تمام طالبعلموں کا بیک وقت علاج کیا جائے۔ سکول میں والدین کی انجمن سر کی جوؤں کیلئے سب بچوں کی سکریننگ اور علاج کرنے کیلئے مددگار مہیا کر کے اس دن کا اہتمام کرتی ہے۔ رضاکار والدین/سرپرست باری باری مختلف کلاسوں کی سکریننگ کرتے ہیں اور سب سے چھوٹے بچوں کا علاج سکول کے دن کے شروع میں ہو گا۔ یہ پروگرام سر کی جوؤں کے علاج کیلئے کنگھی اور کنڈیشنر کا طریقہ استعمال کرتا ہے جو ایک محفوظ ، کیمیکل علاج کے بغیر، بالوں میں کنگھی کر کے جوئیں نکالنے کا طریقہ ہے۔

اگر آپ اپنے بچے کی Nitbusters ڈے میں شرکت پر راضی ہیں تو براہ مہربانی اجازت کے فارم کو انگلش میں مکمل کر کے اوپر دی گئی تاریخ تک سکول کو واپس پہنچا دیں۔ ہر بچے کیلئے ایک الگ اجازت کے فارم پر دستخط کرنا ضروری ہے۔

ان معلومات کی بنیاد NSW ہیلتھ Nitbusters ویب سائیٹ پر دستیاب معلومات پر ہے۔